## ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن سید حامد علی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔28 مارچ 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ B-93 کے کارکن سید حامد علی ولد ایاز احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے غم میں برابر کا شریک ہے ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر وجمیل کی توفیق دے ۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی لانڈھی سیکٹر کے کارکن سید حامد علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے ۔

## نواز شریف جمہوریت نہیں بلکہ آمریت پر یقین رکھتے ہیں، انور عالم

## اورنگی ٹاؤن سیکٹر میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔28، مارچ 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے سربراہ نواز شریف جمہوریت نہیں بلکہ آمریت پر یقین رکھتے ہیں اور حالیہ انتخابات میں ایم کیوایم کے عوامی مینڈیٹ کو تسلیم نہ کرنا نواز شریف کی آمرانہ ذہنیت ظاہر کرتا ہے ۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر میں کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔اس موقع پر حق پرست نومنتخب اراکین قومی اسمبلی ڈاکٹر عبد القادر خانزادہ، اقبال قادری، اراکین سندھ اسمبلی سید رضا حیدر، منظر امام اور ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے ۔انور عالم نے کہا کہ نواز شریف نے 1992ء میں سندھ میں فوجی آپریشن کیا جس کے دوران ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنان و ہمدردوں کو شہید کیا گیا 1998ء میں غیر جمہوری اقدام کر کے سندھ کی منتخب حکومت کو معطل کر کے گورنر راج لگایا، اب بھی نواز شریف ایم کیوایم کے مینڈیٹ کو تسلیم کرنے کے بجائے آمرانہ سوچ اور ذہنیت کا مظاہرہ کر رہے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کے دور حکومت میں ایم کیوایم کے ہزاروں لوگوں کو چنگیزی مظالم کا نشانہ بنا کر قتل کیا گیا اور نواز شریف کو ایک ایک مظلوم کے خون کا حساب دینا ہوگا ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ایک جمہوری جماعت ہے جس نے اپنا مینڈیٹ حالیہ انتخابات میں نہ صرف برقرار رکھا ہے بلکہ عوام کی بھرپور حمایت کے باعث اسے صرف سندھ سے ہی نہیں بلکہ بھر سے مختلف قومیتوں اور برادریوں کے افراد نے بھاری اکثریت سے ووٹ دیئے ہیں اور یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ عوام میں جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریہ فروغ پا رہا ہے ۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ ملک کی موجودہ نازک صورتحال سے مکمل طور پر باخبر رہنے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات کا بغور مطالعہ کریں اور عوامی فلاح و بہبود کے کاموں کو دلجمعی کے ساتھ انجام دیتے رہیں ۔

## امریکی نائب وزیر خارجہ رچرڈ باؤچر کی ایم کیوایم کے رہنما ڈاکٹر فاروق ستار اور دیگر ارکان سے ملاقات

اسلام آباد ۔۔۔28، مارچ 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں تین رکنی وفد نے امریکہ کہ اسسٹنٹ نائب وزیر خارجہ رچرڈ باؤچر سے ملاقات کی ۔ ملاقات میں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ، انتہاء پسندی، پاک امریکہ تعلقات، ملک کی سیاسی اور اقتصادی صورتحال، قومی مفاہمت اور ملک کو درپیش مشکلات اور ان کے حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ۔ملاقات میں امریکی اسسٹنٹ نائب وزیر خارجہ رچرڈ باؤچر نے حالیہ انتخابات میں ایم کیوایم کو حاصل ہونے والی شاندار کامیابی پر مبارکباد دی اور قومی مفاہمت کے عمل میں شریک ہونے پر وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی کی غیر مشروط حمایت کے عمل کو سراہا ۔ایم کیوایم کے وفد میں قومی اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی اور سندھ اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر سردار احمد شامل تھے ۔

## 12 مئی کے سانحہ کی تحقیقات عالمی عدالت انصاف کے تحت کرائی جائے، سلیم شہزاد
## نواز شریف نے اپنے دور حکومت میں سپریم کورٹ پر حملہ کر کے عدلیہ کا تقدس پامال کیا

لندن۔۔۔28، مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے مطالبہ کیا ہے کہ 12 مئی کے سانحہ کی تحقیقات عالمی عدالت انصاف سے کرائی جائے اوراس سانحہ میں ملوث عناصر کو دنیا بھر کے سامنے بے نقاب کیا جائے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ آج میاں نواز شریف 12 مئی کے حوالہ سے مگر مچھ کے آنسو بہا رہے ہیں اور خود کو عدلیہ کی آزادی کا علمبردار ثابت کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ 12 مئی کو کراچی میں قتل وغارتگری کی گھناؤنی سازش میں نواز شریف اوران کی جماعت برابر کی شریک تھی جس کا مقصد کراچی میں لسانی فسادات کی آگ بھڑکا کر شہر کا امن وسکون غارت کرنا اور ایم کیوایم کو دنیا بھر میں بدنام کرنا تھا۔انہوں نے کہا کہ 12 مئی کے سانحہ میں ایم کیوایم کے 14 کارکنان شہید کئے گئے اور ایم کیوایم کی جانب سے ان شہید کارکنان کے نام اور دیگر کوائف کی فہرست جاری کی جا چکی ہے جبکہ ایم کیوایم کی جانب سے ''کڑوا سچ'' عنوان سے ایک وڈیو فلم بھی جاری کی جا چکی ہے جس میں واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے کہ جدید ترین اسلحہ سے لیس کن کن جماعتوں کے دہشت گرد ایم کیوایم کی پرامن ریلی پر حملہ کر رہے ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ 12 مئی کے سانحہ کی تحقیقات عالمی عدالت انصاف جسٹس کے تحت بین الاقوامی ججوں سے کرائی جائے اوراس سانحہ میں ملوث عناصر کو دنیا بھر کے سامنے بے نقاب کیا جائے۔سلیم شہزاد نے کہا کہ نواز شریف خود کو عدلیہ کی آزادی کا علمبردار ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جبکہ پاکستان کا بچہ بچہ اس حقیقت سے واقف ہے کہ نواز شریف کی ایما پر انکے دور حکومت میں سپریم کورٹ پر حملہ کر کے سپریم کورٹ کا تقدس پامال کیا گیا آج بھی نواز شریف عدلیہ کی آزادی اور بالادستی کے جو نعرے لگا رہے ہیں وہ کھوکھلے ہیں۔سلیم شہزاد نے کہا کہ جو شخص بے گناہ شہریوں کے قتل اور سپریم کورٹ پر حملہ میں ملوث ہوا سے عوامی مینڈیٹ رکھنے والی جماعت پر بہتان تراشی سے قبل اپنے گریبان میں جھانکنا چاہئے۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔28 مارچ 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 95 کے جوائنٹ انچارج عبدالرشید کی ہمشیرہ خورشیدہ بی بی محمود آباد کے حق پرست جنرل کونسلر فرحان گدی کے بھائی حاجی محمد عرفان، ایم کیوایم شعبہ خواتین سوسائٹی سیکٹر یونٹ 64 کی کارکن محترمہ رضیہ کے والد محترم محمد رفیع اور ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے کارکن وجاہت خان کی والدہ شافعیہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عتیق کے فرزند اپنے وفد سمیت جنیوا کے دورہ سے واپسی کے بعد روپوشی ہمارے مئوقف کی سچائی ہے، سلیم بٹ

مظفر آباد۔۔۔28، مارچ 2008ء۔۔۔آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن اسمبلی محمد سلیم بٹ نے کہا ہے کہ وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عتیق کے فرزند اپنے وفد سمیت جنیوا کے دورہ سے واپس آ کر روپوش ہو چکے ہیں، ان کی روپوشی ہمارے مئوقف کی سچائی کو ثابت کر رہی ہے، عثمان عتیق اپنے وفد کے ہمراہ پریس کانفرنس کر کے کشمیری عوام کو بتائیں کہ ان کا دورہ کس حد تک مسئلہ کشمیر کو اجاگر کر سکا ہے۔اپنے ایک بیان میں سلیم بٹ نے کہا کہ عثمان عتیق لبریشن سیل کی 30 لاکھ سے زائد رقم لے کر وفد کے ہمراہ جنیوا گئے اس سے قبل جب بھی مسلہ کشمیر کے نام سے کوئی وفد بیرون ملک گیا واپسی پر اس نے اپنے دورہ کے بارے میں میڈیا اور عوام کو آگاہ کیا مگر عثمان عتیق اپنے وفد کے ہمراہ 5 روز قبل خاموشی سے واپس آئے اور میڈیا کو تفصیلات بتانے کے بجائے روپوش ہو گئے ہیں اور ان کی روپوشی مزید شکوک وشبہات کو پیدا کر رہی ہے۔انہوں نے وزیراعظم آزاد کشمیر سے مطالبہ کیا کہ عثمان عتیق اوران کے ہمراہ وفد میں شامل خواتین کو میڈیا کے

سامنے پیش کیا جائے۔ سلیم بٹ نے مزید کہا کہ آزاد کشمیر دارالحکومت مظفرآباد سے چائنیز فرموں کی واپسی نے عوام میں مایوسی پیدا کر دی ہے، چائنیز فرمیں 19 ارب سے زائد مالیت کے تعمیراتی منصوبہ جات پر کام کر رہی تھی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے متاثرین زلزلہ ضلع مظفرآباد کے حقوق غصب کرنے کا منصوبہ بنایا ہے جس پر ہم خاموش نہیں رہیں گے اور مظفرآباد سے امتیازی سلوک کے خلاف پرزور احتجاج کریں گے۔

## حکومتی کرپشن اور تشدد کے خلاف طاہر کھوکھر کی علامتی بھوک ہڑتال، سیاسی و سماجی رہنماؤں نے بھوک ہڑتالی کیمپ کا دورہ کر کے اظہار یکجہتی کیا

راولاکوٹ۔۔۔28، مارچ 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر کی حکومتی کرپشن اور تشدد کے خلاف علامتی بھوک ہڑتال تیسرے روز بھی جاری رہی۔ گزشتہ روز آزاد کشمیر کے ضلع راولاکوٹ میں احاطہ ضلع کچہری میں قائم بھوک ہڑتالی کیمپ پر طاہر کھوکھر سے سیاسی سماجی رہنماؤں آ کر اظہار یکجہتی کیا۔ علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ کا جموں و کشمیر پیپلز پارٹی کے صدر اور رکن اسمبلی سردار خالد ابراہیم، سابق وزیر سردار محمد حسین، بار روم راولاکوٹ کے صدر مطلوب انقلابی، جے کے ایل ایف کے صدر سردار صغیر خان اور دیگر علاقائی سیاسی و سماجی رہنماؤں نے دورہ کیا اور مطالبہ کیا کہ ایوان کا تقدس پامال کرنے اور رکن اسمبلی کو استحقاق مجروح کرنے والوں کے خلاف ایف آئی آر درج کی جائے۔

☆☆☆☆☆